اس کے علاوہ سینا ٹرا، ڈین مارٹن، باربرا اسٹرائسنڈ، جولی اینڈریوز، پیری کومو، ٹام جونز، ہمپرڈنک، ایلوس، ٹونی بینٹ وغیرہ وغیرہ کے لیے بحیثیت BACK UP آرٹسٹ گانا گا چکے ۔!

امریکہ سے باہر [illegible] عدیم [illegible] بین الاقوامی دورے کر چکے ہیں ۔ بالخصوص یورپ، وسطی و جنوبی امریکہ کے ملکوں میں خاصے مشہور ہوئے ۔

یہ عجیب اتفاق ہے کہ جس فنکار نے ابتداء اداکاری سے کی نام اور دولت بحیثیت گلوکار کے کمایا وہ اب

فلم سازی و ہدایت کاری [illegible]

عدیم نے فلم سازی کی باقاعدہ تربیت SOUTHERN CALIFORNIA میں حاصل کی جو ٹیلی وژن اور فلم آرٹس کی تربیت کا مرکز سمجھا جاتا ہے اسی تربیت کا نتیجہ ہے کہ یہ پہلی بار بحیثیت فلمساز، ہدایت کار، کہانی نویس، کیمرہ مین اور اداکار کے فلم "KARACHI CONNECTION" میں جلوہ گر ہو رہے ہیں ۔ یہ فلم انگریزی کے علاوہ اردو، عربی، فارسی اور ہسپانوی زبانوں میں ہو گی ۔ بقول عدیم "فلم عام فارمولے پر بنائی گئی ہے اور مقصد یہ نہیں کہ ایک بار نمائش کے بعد ڈبوں میں بند ہو کر رہ جائے"



راشمین

اس فلم میں عدیم نے مرکزی کردار ادا کیا ہے جبکہ ان کی رفیق گلوکاری

[illegible]

[illegible] بین الاقوامی [illegible]

مقامی ہوٹل میں پریس کانفرنس کے دوران ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے عدیم نے بتایا کہ وہ کینیڈا میں اپنا دفتر منتقل کر رہے ہیں اور یہیں ایک ریکارڈنگ اسٹوڈیو کا قیام بھی عمل پذیر ہو گا ۔ ٹورنٹو (اونٹاریو) میں ریکارڈنگ اسٹوڈیو کے قیام کے سلسلے میں مزید وضاحت کرتے ہوئے عدیم نے کہا کہ وہ چاہتے ہیں کہ پاکستان، ہندوستان اور ویسٹ انڈیز کی موسیقی کے امتزاج سے موسیقی کا ایک مشترکہ پلیٹ فارم بنا کر مغرب کو پیش کیا جائے ۔ اس لیے کہ ان ملکوں کی موسیقی الگ الگ حیثیتوں میں صرف ان ہی ممالک کے لوگوں تک محدود ہو کر رہ گئی ہے جبکہ ان تینوں ملکوں کی موسیقی کے سرمایہ سے مغرب کو بھی مسحور کیا جا سکتا ہے ۔

عدیم کا گایا ہوا سنگل ریکارڈ LOVE ME TONIGHT اور راشمین کا YOU'RE DRIVING ME CRAZY سننے کا اتفاق ہوا عدیم کے گانے کا طرز ٹام جونز ہی کی طرح کا ہے ۔ اگر ٹام کی آواز میں گونج اور بھاری پن ہے تو عدیم کی آواز ملاحت سے معمور ہے ۔ ٹام جونز اور ہمپرڈنک بہت بڑے فن کار سہی لیکن عدیم اپنا فن کار ہونے کے ناطے زیادہ عزیز ہے ۔! ▲

ادھر ادھر

نسیم از تعلقہ کار

جون پر تم سے طویل طویل اور دلچسپ [illegible] کہ سودھا ہی میں [illegible] میں مل کر پڑھ کر بڑی خوشی ہوئی۔ تمہارا خط تم سے میں نے یہ بھی [illegible] کیا تھا [illegible] تو پھر چلتے ہوئے میں نے کانگریس پارٹی کو [illegible] کر توڑ دی اور اس طرح اپنا پورا پورا قبضہ جمالیا۔ طاقت کے سرچشمہ پر اگر قابو حاصل نہ کیا تو لوگوں کا چسکا سے [illegible] جادو دور نہیں۔ ویسے تو میں نے پتا جی سے کرسی کو سنبھال کر رکھنے کے بہت سے گر سیکھے تھے۔ مگر تم نے ان ہی پرانے اصولوں پر جس طرح عمل کرکے دکھایا۔ اس سے میں نے بڑے بڑے سبق حاصل کیے ہیں۔ تم نے علی شہد میں ایک زرین اصول سکھایا تھا کہ عوام کو چکر میں ڈالے رکھنے کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ خود سے مسئلے کھڑے کیے جائیں یا انھیں ہوا دی جائے اور پھر خود ہی انھیں حل کر دیا جائے۔ اس تکنیک کی شاندار مثال قادیانی مسئلہ!

میں نے بھی اسی انداز پر چلنے کی کوشش کی مگر نہ جانے کس منزل پر کچھ دوش ہو اکر کہ نتیجہ تو مرضی موافق ضرور نکلا مگر عوام میں میرے خلاف جذبات اچھے نہ رہے۔

اخباروں اور رسالوں کو بالو جی اس طرح قبضے میں رکھتے تھے کہ جس نے زیادہ شور مچایا اس کا کاغذ کا کوٹا یا تو کم کر دیا یا پھر بالکل ہی بند کر دیا۔ لیکن تم نے آسان سی ترکیب نکالی۔ کیا کاغذ جتنا چاہیے موجود رہے اور صرف خبروں پر کنٹرول کر دیا۔ یہ ترکیب آسان تھی اس لیے میں اسکو جلدی اپنا سکی اور آج تمہاری مدد اور مشوروں کے نتیجے بھارت ماتا کے تمام اخباروں اور رسالوں پر میرا پورا کنٹرول ہے۔ لیکن جس جگہ میں خیل ہو گئی وہ ہے غیر ملکی جرنلسٹوں کو خوش رکھنا۔ میں نے ان کو بھی کنٹرول میں لانے کی کوشش کی جس کا نتیجہ یہ کہ آج ساری دنیا میں میرے خلاف مضامین چھپ رہے ہیں۔ جبکہ تم نے انھیں خوش کرنے کے وہ طریقے نکالے کہ ان کی کامیابی سے میں تمہارے خلاف مضامین پڑھنے کو ترس گئی۔ بتاؤ! یہ کونسا کرم ہے عورت ذات سے خلاف بلاتے گلا اور مجیب بہادر کے خلاف ایک حرف نہیں! تم نے کس طرح اس مسئلے کو حل کیا۔ امید ہے کہ آئندہ چھٹی میں اس پر روشنی ڈالو گے۔

کم و بیش سال بھر سے میں نے ملک میں ایمرجنسی قانون لاگو کر رکھے ہیں اور جیلوں کو بھر دیا ہے۔ جن جن لیڈروں سے مجھے الجھن ہوتی تھی ان سبھی کو بند کر دیا۔ ساری دنیا کے اخبارات میں شور مچ گیا تم نے بھی اسی اصول کو اپنایا مگر ایک بار پھر تمہاری شان نرالی! تم نے بھی بڑے لیڈروں کو جیلوں میں ڈالا اور چند ایک کو تو سرے سے ہی اس سنسار سے ہی اٹھا دیا مگر مغرب کے کسی اخبار میں تمہارے خلاف مضامین نہ نکلے۔ اس کی وجہ جہاں تک میں سمجھ سکی ہوں وہ یہ ہے کہ تم نے چند مشہور لوگوں کو گرفتار نہ کیا۔ مجھے اچھی طرح اپنی غلطی یاد رہی جو اس نے جنھیں بند کر کے

چٹکیاں

[illegible] اس لیے تم [illegible] دن عبد لیڈر بابا کو آزاد چھوڑ رکھا ہے مگر بڑی ہوشیاری کے ساتھ ان کو بے اثر بھی کر دیا۔ اور یہ عمل کرنے میں تم نے جو ترکیب کام لیا اپوزیشن کے یہ لیڈر جب ملک کے مختلف شہروں میں جلسے کرتے ہیں اور تمہارے خلاف تقریریں کرتے ہیں تو انھیں جلسہ گاہ تک لے لیے پولیس کی مدد نہیں ملتی اس لیے ان کے جلسے میں سو دو سو سے زیادہ لوگ نہیں پہنچ پاتے۔ دوسرے دن کے اخبار میں ان کی تقریر چھپتی ہی نہیں۔ لوگوں کو معلوم ہی نہیں ہو پاتا کہ ان لیڈر صاحب نے فرمایا تو کیا؟ یہ صاحب ہر ممکن کوشش کرتے ہیں کہ انھیں گرفتار کر لیا جائے تاکہ یہ ہیرو بن جائیں۔ سنتے سنتے میں لوٹ پوٹ ہو گئی تھی یہ خبر سن کر کہ تم نے ان ہی لیڈر کی پارٹی کے خلاف چھوٹے موٹے عبدوں کو بند کر دیا۔ پکڑے رہو۔ کون پرواہ کرتا ہے تمہاری۔ لیکن اس کا اچھا تجربہ پڑا کہ لوگ ان کی پارٹی کا ممبر بننے سے پہلے تین مرتبہ سوچنے پر مجبور۔

مجھے تم سے بالکل اتفاق رہا کہ لاہور کی اسلامک کانفرنس کے بعد تم نے قذافی کے چھوٹے چھوٹے فوٹو اخبارات میں چھاپنے کا حکم دیا اور ان کی خبروں کی جگہ محدود کر دی۔ چند تقریریں کرتے ہی یہ صاحبزادے تم سے زیادہ مقبول ہونے لگے تھے۔

تمھیں یہ ماننا پڑے گا کہ میرے اور تمہارے حالات میں فرق کی وجہ سے اگر میری کامیابی سو فیصد نہ رہی تو نہیں۔ حالات کا فرق اصل وجہ ہے نہ کہ میری ذاتی نااہلی۔ اب دیکھو نا! تمہارے ہاں کوئی سرکاش علاقہ نہیں۔ پھر تمہارا ایسے پرانے لیڈروں سے کوئی قریبی سمبندھ بھی نہیں۔ مجھے پتاجی کے پرانے ملاقاتیوں کا پاس بھی تو کرنا پڑتا ہے۔ تمہارے ملک کے صوبے تم کو اتنا پریشان نہیں کرتے جبکہ یہاں کے صوبے تو میری جان کھا جاتے ہیں۔ اب دیکھو سرحد اور پنجاب پر تم نے کتنی آسانی اور ہوشیاری سے لگام چڑھالی یہاں صوبے تو میں دیکھتی کہ تم کس طرح ان لوگوں پر آسانی سے قابو پاتے!

تم کو اپنے صوبے کا مکمل اعتماد ہے اور صوبے والے ہر وہ کام کرنے کو تیار ہیں جس کا تم اشارہ کر دو۔ لیکن الہ آباد والوں نے جس سرد مہری کا مظاہرہ میرے ساتھ کیا تم کو معلوم ہی ہے۔ اتر پردیش ہمیشہ میرے سر میں درد پیدا کرتا رہا ہے اس صوبے کا ایک جوان مرد میری پشت پناہی پر مزور ہے اور یہ ہے میرا چھوٹا لڑکا۔ مجھے امید ہے کہ میرے بعد یہ بخوبی کام سنبھال لے گا۔ مانتی ہوں کہ اس معاملے میں تمہاری پوزیشن مختلف ہے۔ بیٹا کیوں نہ پیدا کیا تخت نشینی کے لیے! غلطی کس کی؟ لیکن اگر بیٹی کرسی تمہارے پیچھے سے سرکتی ہے تو تم کو زیادہ فکر نہ کرنی پڑے گی۔ تم نے [illegible] سید کو پال کر بڑی دور اندیشی کا ثبوت دیا ہے۔ سندھو دیش کی چنگاری کو جلتے ہی رہنے دیا۔ وقت پڑنے پر اس چنگاری کو ہوا دی جا سکتی ہے۔ سندھو دیش کا مطالبہ زور و شور سے بڑھایا جا سکتا ہے بنگلہ دیش کے تجربے کے بعد عوام اس مطالبے سے زیادہ خوف زدہ ہوں گے۔ کوئی طاقت

[illegible]

[illegible]

اس دن [illegible] کا حاضر [illegible] کو جب تم نے [illegible] وہ مرد جنھوں نے جمہوری نظم کر دیں جو [illegible] تقسیم اس وقت تم پر بڑا اعتراض ہوا تھا۔ وہ اصل میں تم پر نہ تھا بلکہ پتا جی پر تھا کہ انھوں نے خاندان کی ساری جائداد کو کانگریس کے لیے وقف کر دیا۔ بتاؤ! کیا وہ وزیر اعظم رہے اور بینک بیلنس خالی! عجیب قماش کے لوگ تھے یہ بزرگ بھی! معقول بننے کی اس آسان ترکیب پر میں عمل نہ کر سکی!

جیسا کہ میں اوپر لکھ چکی میرے اور تمہارے حالات میں فرق ہے۔ اب پتا جی غلطی یہ کر گئے کہ ہندوستان کو لامذہب ملک بنا گئے۔ بھگوان کی کرپا سے تم لوگوں نے سمجھداری سے کام لیا اور شروع سے ملک میں مذہب کا نعرہ مارا۔ اب دیکھ لو الیکشن آ رہا ہے۔ اس نعرہ کو زندہ رکھنے میں جتنی مدد مل سکتی ہے وہ مجھے نہیں مل سکتی۔ دوسرے "مذہبی" ممالک سے ملے خفاد رہے پیسے گئی را دھیروں کے جنگل ملاتے۔ جیسے سے دو چار امام اور مولانا ان ممالک سے قرضے پر کچھ دنوں کے لیے بلا لیے۔ ان کو چند درجن مرغیاں کھلوا دیں۔ دو چار مٹکے خالص گھی کے خالی کروا دیے۔ ان کی نمازوں کے لیے بلٹن کا پورا فلور ریزرو کروا دیا — اب ذرا غور کر لو۔ یہ نعرہ بہت پیسہ خرچ ہوا تو فائدہ کتنا ہوا۔ سید سے سارے مسلمانوں کا سمندر ہے امام صاحب کے پیچھے نماز پڑھنے کے لیے بے سر قدری ہو رہی ہے چوما چاٹی اپنی جگہ۔ چھو منتر بھی چل رہے ہیں۔ تسبیح دھڑا دھڑ بک رہی ہیں اور اس کے بعد اب جو نعرہ تکبیر — اللہ اکبر کا نعرہ لگتا ہے تو ہیں یہاں دلی میں سوری تھی کہ اس شور سے اچھل پڑی۔ وہ تو شکر کر تم سے یارانہ ہے ورنہ راجپوتوں کو پٹھانوں کی پٹائی کا حکم دے ڈالتی!

سشمارہ میں تمہاری ایک بات پر میں نے سخت اعتراض کیا تھا۔ وہ ہے تمہاری اور تمہارے لوگوں کی یونیفارم سفید چٹری پر یونیفارم جو جچتی ہے۔ مگر تم کے رس پیرا! ختم کرو اس مداری پن کو۔

پیکنگ جانا تو میرا ذاتی سلام وہاں کے صاحب اقتدار کو دینا۔ تمہاری مدد سے ان لوگوں سے میرے تعلقات اور بہتر ہو جائیں تو آرام کی سوئے گھوڑے

[illegible] جمہوری [illegible] کو کب بھیج رہے ہو؟

[illegible] لکھو گے [illegible] پیسے کے لیے فی الحال فرصت نہیں ہے۔ اس لیے یہیں بیٹھ ہی جاؤ اور لکھ ڈالو —

تمہاری

[illegible]

[illegible]

ناسخ

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible] بیٹھتے ہیں [illegible]

[illegible]

[illegible]

قاصد خیال [illegible]

[illegible] وحشت میں [illegible] صحرا نوردی کی تو کیا

[illegible] کے قابل جو تھا دل کا بیاباں ہو گیا

تاب سننے کی نہیں بہر خدا خاموش ہو
ٹکڑے ہوتا ہے جگر ناسخ تری فریاد سے

اے اجل ایک دن آخر تجھے آنا ہے ولے
آج آتی شب فرقت میں تو احساں ہوتا

تمام عمر یونہی ہو گئی بسر اپنی
شب فراق گئی روز انتظار آیا

امام بخش نام، ناسخ تخلص، ۱۷۷۲ء (۱۲۰۲ھ) میں فیض آباد میں پیدا ہوئے۔ ان کے خاندانی حالات تاریکی میں ہیں۔ کہتے ہیں کسی دولت مند سوداگر نے انھیں متبنّٰی کر لیا تھا۔ اسی نے تعلیم و تربیت کی۔ فارسی اور عربی کی تعلیم علمائے فرنگی محل سے پائی اور لکھنؤ کو وطن بنا لیا۔ شاعری میں کسی سے تلمذ نہ تھا۔ ۱۸۳۸ء (۱۲۵۴ھ) میں بمقام لکھنؤ انتقال کیا۔ رشک نے تاریخ کہی "ولا شعر گوئی اٹھی لکھنؤ سے"۔ شاگردوں کی ایک بڑی تعداد کے علاوہ تین دیوان ان کی یادگار ہیں۔ پہلا دیوان الہ آباد میں، دوسرا اور تیسرا لکھنؤ میں مرتب کیے۔

ناسخ اسم با مسمّٰی ہیں۔ انھوں نے قدما کا سادہ طرز کلام بدل دیا۔ فحاشی اور بھدے زبان کو پاک کیا۔ بے الفاظ فارسی عربی استعمال کیے ہیں سنسکرت اور بھاشا کے الفاظ کو چھوڑ دیا ہے۔ عربی، فارسی اور ہندی الفاظ کی تذکیر و تانیث کے قواعد مقرر کیے ہیں۔ بندش کا طرز فارسی کے طرز پر قائم کیا ہے جس سے مضامین میں وسعت پیدا ہوئی اور شعر کے ظاہری حسن میں اضافہ ہو گیا۔ مضامین میں عاشقانہ طرز کو کم کرکے ہر قسم کے مضامین غزل میں شامل کیے ہیں۔ زبان کی اصلاح کی۔ خیالی بندی کو رائج کرنے اور غزل کی سلیس زبان کو چھوڑ دینے کے باعث، واردات قلبیہ سے ان کی غزلیں خالی ہو گئی ہیں اور ان میں بہت سے ایسے مضامین داخل ہو گئے ہیں جو احاطۂ غزل گوئی سے باہر تھے۔ باایں ہمہ ان کے کلام میں ایسے اشعار بھی موجود ہیں جن میں صفائی، شستگی اور کیف و اثر پایا جاتا ہے۔

جام نو

غزل

پھر یہ ساقی یہ رات ہو کہ نہ ہو
پھر یہ فیصلہ حیات ہو کہ نہ ہو

یہ ستارے یہ پھول یہ کلیاں
مسکراتی یہ رات ہو کہ نہ ہو

ماہ و انجم نچوڑ دے ساقی
کل سنہری یہ رات ہو کہ نہ ہو

غنچۂ دل ترا کھلے نہ کھلے
پھر شگفت حیات ہو کہ نہ ہو

غم جاناں کی جیت ممکن ہے
غم دوراں کو مات ہو کہ نہ ہو

زلف شب رنگ کو بکھرنے دے
میری دنیا میں رات ہو کہ نہ ہو

حسن کو داد رقص دے بڑھ کر
وجد میں کل حیات ہو کہ نہ ہو

[illegible]
[illegible] ہو کہ نہ ہو

[illegible]
[illegible] ہو کہ نہ ہو

[illegible]
پھر [illegible] ہو کہ نہ ہو

[illegible]
[illegible] ہو کہ نہ ہو

[illegible] غزل [illegible]
پھر [illegible] ہو کہ نہ ہو


[illegible] ساغر!

[illegible] ہو کہ نہ ہو

[illegible]

مغربی جرمنی پاکستان کو بیس کروڑ اسی لاکھ مارک کی اقتصادی امداد دیگا

دونوں ملکوں کے درمیان متعدد معاہدوں پر دستخط ہوگئے



ڈاکٹر سہیل احمد کو قذافی سٹیڈیم میں داخل ہونے سے روکا جائے

عدالت نے کرکٹ کنٹرول بورڈ کے فیصلے کے خلاف حکم امتناعی جاری کردیا

ولی محمد جاموٹ کو اغوا کرلیا گیا

چھ منزلہ بسم اللہ بلڈنگ کی بنیادیں صرف ڈھائی فٹ گہری تھیں

بنیادوں کی گہرائی ۸ سے ۱۰ فٹ تک ہونی چاہیے تھی

حادثے کی تحقیقاتی عدالت میں ڈائرکٹر پلاننگ کا بیان

امریکہ مصر کو دس کروڑ ڈالر کی امداد دے گا

انڈونیشیا اور پاکستان کے درمیان افرادی قوت کے بارے میں معلومات کا تبادلہ ہوگا

ہماری جدوجہد آزادی کے دوران پاکستان نے شاندار خدمات انجام دیں: ڈاکٹر سبارتو

قائد اعظم صد سالہ جلسہ

ٹورانٹو میں قائد اعظم کے صد سالہ جلسے کا دوسرا پروگرام ۹ اکتوبر کو پاکستانی کینیڈین ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام منایا گیا جس میں بابائے قوم کو خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ اس جلسے میں سفیر پاکستان جناب افتخار علی نے بحیثیت مہمان خصوصی شرکت کی۔

اماموں اور خطیبوں کی تنخواہیں بڑھادی گئیں

مشاعرہ اور محفل موسیقی

۲۳ اکتوبر کو ٹورانٹو میں کالج آف ایجوکیشن کے آڈیٹوریم میں ۶ بجے شام محفل موسیقی اور مشاعرے کا اہتمام کیا جارہا ہے۔ اس پروگرام میں پاکستان پر ایک دستاویزی فلم اور قائد اعظم پر ایک مقالہ بھی پڑھا جائے گا۔ یہ محفل پاکستان اسٹوڈنٹس ایسوسی ایشن اور پاکستان رائٹرز کلب کی جانب سے منعقد کی جارہی ہے۔

مجھے معاف کردیا جائے

وزیر اعظم سے یونس احمد کی اپیل



وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو ...

پاکستان اور افغانستان کے اختلافات بات چیت کے ذریعے آبرومندانہ طریقے سے دور کر لیے جائینگے

دونوں ملکوں کے تعلقات میں پیدا شدہ تعطل ختم ہو چکا ہے اور مذاکرات دوبارہ شروع کر دیے گئے ہیں : جنرل اسمبلی میں نائب وزیر خارجہ افغانستان کی تقریر

نیویارک ... [illegible]

شیخ عبداللہ اور اندرا گاندھی کے اختلافات شدت اختیار کر گئے

[illegible]

[illegible]

لاہور ... خصوصی نامہ نگار پنجاب خصوصی ٹریبونل نے ماہنامہ اردو ڈائجسٹ کے مدیر الطاف حسن قریشی اور پرنٹر ڈاکٹر اعجاز حسن قریشی کو دو دو سال قید اور دس دس ہزار روپیہ جرمانہ کی سزا سنائی ہے عدالت نے انہیں یہ سزائیں قابل اعتراض مواد شائع کرنے کے جرم میں دی ہیں دو روز پہلے انہوں نے خصوصی ٹریبونل میں درخواست پیش کی تھی کہ سپریم کورٹ کے مسٹر جسٹس انوار الحق اور مسٹر جسٹس محمد اکرم کی ہدایات کے مطابق ہائی کورٹ میں زیر سماعت ان کی رٹ درخواستوں کا فیصلہ ہونے تک ان کے خلاف مقدمے کا فیصلہ نہ سنایا جائے مگر ٹریبونل نے ان کی اس درخواست کو قبول نہیں کیا اور ڈیفنس آف پاکستان رولز کے تحت ان کے خلاف درج شدہ مقدمے کے تحت انہیں مجرم قرار دیتے ہوئے سزا سنا دی ہے ۔

کھرفیملی کے متعدد ارکان کی پیپلز پارٹی میں شمولیت

ملتان ... نمائندہ خصوصی سابق وزیر اعلیٰ گورنر پنجاب ملک غلام مصطفےٰ کھر کے چچا ملک حامد یار کھر ان کے برادر نسبتی ملک اللہ دتہ کھر اور ان کے دیگر عزیزوں ملک غلام رسول کھر اور غلام مرید کھر اور ملک گلاب نے پیپلز پارٹی میں شامل ہونے کا اعلان کیا ہے ۔ قومی اسمبلی کے رکن میاں غلام عباس قریشی کے ہمراہ ان افراد نے آج وزیر اعلیٰ پنجاب مسٹر صادق حسین قریشی سے ملاقات کی اور اپنی خدمات پیپلز پارٹی کو پیش کر دیں ۔ ملک حامد یار کھر اور ان کے ساتھیوں نے ایک بیان میں کہا ہے کہ مسٹر ذوالفقار علی بھٹو نے ملک و قوم کو انتہائی نازک مرحلوں میں کامیاب رکھا اور ان کی عظیم قیادت میں پاکستان نے بین الاقوامی برادری میں اپنا کھویا ہوا مقام حاصل کر لیا ہے ملک حامد یار کھر نے کہا کہ انہیں اور ان کے ساتھیوں کو مسٹر بھٹو کی قیادت پر مکمل اعتماد ہے ۔ اس لیے انہوں نے غیر مشروط طور پر اپنی خدمات انہیں پیش کر دی ہیں ۔

وزیر اعلیٰ پنجاب مسٹر صادق حسین قریشی نے شمولیت کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ پیپلز پارٹی واحد سیاسی جماعت ہے جس نے عوام کی خوشحالی اور بہبود کی حیثیت کو بہتر بنانے کی کوشش کی ہے انہوں نے کہا کہ اب پاکستان ترقی پذیر ابھرا ہوا ایشیائی ملک بن چکا ہے ۔

آئینی ترمیمات سے مسز اندرا گاندھی کو آمرانہ اختیارات مل جائیں گے : محمد علی چھاگلہ

بمبئی ... یو پی آئی بھارت کے سابق وزیر خارجہ مسٹر محمد علی چھاگلہ نے یہاں ایک جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے ملک بھر میں جلد از جلد عام انتخابات منعقد کرانے کا مطالبہ کیا انہوں نے مجوزہ آئینی ترمیموں پر کڑی تنقید کی اور کہا کہ ان ترمیموں کو اگر پارلیمنٹ نے منظور کر لیا تو ملک کا صدر محض انگوٹھا لگانے والا صدر ہوگا اور وزیر اعظم مسز اندرا گاندھی کو آمرانہ اختیارات مل جائیں گے مسٹر چھاگلہ نے جو امریکہ اور برطانیہ میں بھارت کے سفیر بھی رہ چکے ہیں ملک میں ہنگامی حالت نافذ ہونے کے بعد کیے گئے سرکاری اقدامات پر تبصرہ کیا اور انہیں جمہوریت کے منافی قرار دیا ۔

پیپلز پارٹی کی رکنیت سازی میں دھاندلیاں

ڈاکٹر مبشر حسن نے تحقیقات شروع کر دی

لاہور ... پی پی آئی پاکستان پیپلز پارٹی کے سیکرٹری جنرل ڈاکٹر مبشر حسن نے ان الزامات کی تحقیقات شروع کر دی ہے کہ ضلع بہاولنگر اور راولپنڈی میں پیپلز پارٹی کی رکنیت سازی کمیٹیوں نے بدعنوانیاں کی ہیں مرکزی رکن سازی کمیٹی کے چیئرمین شیخ محمد رشید نے اس بارے میں شکایات کی تصدیق کی ہے معلوم ہوا ہے کہ ان دونوں اضلاع میں پیپلز پارٹی کی رکنیت سازی کے نام تحصیل کمیٹیوں کی طرف سے مقرر کردہ لوگوں کو دینے کی بجائے متعلقہ افراد نے اپنے طور پر تقسیم کر دیے ۔

START SOMETHING GREAT!
JOIN THE PAYROLL SAVINGS PLAN AT WORK

A SIMPLE, SYSTEMATIC WAY TO SAVE
بچت کا ایک آسان اور باقاعدہ طریقہ :

کینیڈا سیونگس بانڈس خریدنا بچت کا ایک عمدہ طریقہ ہے ۔ اور ان کے خریدنے کی بہترین جگہ وہ ہے جہاں آپ ملازمت کرتے ہیں ۔ ایک بار جب آپ PAYROLL کے سیونگس پلان میں شامل ہو جائیں تو آپ کے بانڈس کی رقم خود بخود آپ کی تنخواہ سے منہا ہوتی رہے گی ــــ یہ طریقہ اسی قدر سادہ ہے ۔

SECURITY. INCOME. AND FLEXIBILITY
تحفظ ـ آمدنی اور لچک

ان تین خاصیتوں کا مجموعہ کینیڈا سیونگس بانڈس کو بچت کا ایک بہترین طریقہ بناتا ہے ۔

سب سے پہلے تو ہر کران بانڈس کو تحفظ حاصل ہے ۔ آپ کی بچت کو کینیڈا کے تمام ذرائع سے سہارا ملتا ہے ۔

دوسرے یہ کہ ان سے اچھی آمدنی حاصل ہوتی ہے ۔ ہر سو ڈالر کے بانڈ پر پہلے سال آٹھ ڈالر پچاس سینٹ سود ملتا ہے ۔ اور باقی آٹھ سالوں میں نو ڈالر پچیس سینٹ سالانہ سود ملتا ہے ۔

پھر ان بانڈس میں لچک بھی ہوتی ہے ۔ آپ انہیں پچاس ڈالر سے لے کر پندرہ ہزار ڈالر تک کتنی بھی رقم سے خرید سکتے ہیں اور انہیں کسی بھی وقت کیش کرا سکتے ہیں ۔

30¢ A DAY= روزانہ ۳۰ سینٹ
$100 A YEAR سالانہ ۱۰۰ ڈالر

۳۰ سینٹ ادھر ۳۰ سینٹ ادھر سب جمع ہو کر بڑی رقم بن جاتے ہیں ۔ اپنے تنخواہ کے سیونگس پلان میں روزانہ ۳۰ سینٹ دے کر آپ سو ڈالر کا کینیڈا سیونگس بانڈ خرید سکتے ہیں ۔ سو ڈالر، ۵۰۰ ڈالر ایک ہزار ڈالر جتنی بھی رقم آپ چاہیں بچا سکتے ہیں ۔

IT'S EASY. یہ بہت آسان ہے ۔

تنخواہ کے سیونگس پلان میں شامل ہونے کے لیے آپ کو صرف ایک فارم پُر کرنا پڑتا ہے جو کہ آپ کو اپنے ایمپلائر کی جانب سے فراہم کیا جاتا ہے ۔ آپ جتنی بھی رقم بچانا چاہیں وہ خود بخود جمع ہوتی رہے گی ۔

تحفظ، آمدنی اور لچکدار بچت کے طریقے کے لیے اپنی تنخواہ کے سیونگس پلان پر کینیڈا سیونگس بانڈ خریدیئے ۔ یہ بچت کا ایک بہترین طریقہ ہے ۔



Canada Savings Bonds 9.13%

Average Annual Interest to Maturity

A great way to save!

اردو کو دفتری زبان کی حیثیت سے رائج کرنے کے لیے مربوط پروگرام مرتب کرلیا گیا

دفتری اصطلاحات و محاورات کی لغت شائع کردی گئی

اردو ٹائپ سیکھنے والوں کو نقد رقوم دی جائیں گی : عبدالخالق

لاہور ۔۔۔ پنجاب حکومت نے اردو کو دفتری زبان کی حیثیت سے رائج کرنے کے لیے ایک جامع اور مربوط پروگرام مرتب کیا ہے جس پر عملدرآمد کیا جائے گا ۔ یہ بات صوبائی سینیئر وزیر ... نے مجلس زبان دفتری پنجاب کے صدر ... دفتری اصطلاحات و محاورات کی لغت کی اشاعت کے سلسلے میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہی ...

پاکستان میں کسی ازم کی ضرورت نہیں

اصغر خان

تربیلا جھیل کی تہہ میں بارہ فٹ چوڑا اور پندرہ فٹ گہرا گڑھا پیدا ہوگیا

مزید پانی ذخیرہ کرنے کا کام روک دیا گیا

انجینیئر خرابی کی وجوہات معلوم کرنے کی کوشش کر رہے ہیں

لندن ۔۔۔ بی بی سی کے نمائندے کی اطلاع کے مطابق تربیلا بند میں پھر نقص پیدا ہوگیا ہے اور ... اس نئی خرابی کی وجہ سے ... تربیلا بند کی جھیل میں ... فٹ نیچے ۱۲ فٹ چوڑا اور ۱۵ فٹ گہرا گڑھا بن گیا ہے ... سوراخ ہی کہا جاسکتا ہے تاہم جب تک یہ نقص دور نہ کیا جائے اس میں مزید پانی ذخیرہ نہیں کیا جاسکتا ... چنانچہ پانی مزید ذخیرہ کرنے کا کام روک دیا گیا ہے ...

ماہرین اسے معمولی نقصان بتا رہے ہیں لیکن یہ بات ابھی تک معلوم نہیں ہوسکی ہے کہ گڑھا کہاں اور کیوں واقع ہوا ہے ۔

بلوچستان میں خوراک کے عالمی پروگرام کے تحت زیر تعمیر منصوبے مکمل ہوگئے

کوئٹہ ۔۔۔ اے پی پی ۔ بلوچستان میں عالمی خوراک پروگرام کے اشتراک سے عوامی تعمیراتی پروگرام کے تحت ... منصوبے مکمل ہوگئے ہیں ۔ وفاقی حکومت نے صوبے کے ... سال کے دوران عالمی خوراک پروگرام کی امداد سے مزید ... کی رقم فراہم کی ہے ۔ اس رقم سے مزید ... منصوبے مکمل کیے جائیں گے ۔ یہ منصوبے ... آبپاشی اور ... شعبے میں مکمل ہوں گے اور ان سے دیہی معیشت کو ... ان منصوبوں پر کام کرنے والے مزدوروں کو گندم، چاول، دالیں، گھی ... صورت میں معاوضہ دیا جاسکتا ہے ۔

فرانس طے شدہ شرائط کے تحت پاکستان کو ری پراسیسنگ پلانٹ ضرور فروخت کرے گا : صدر فرانس کا اعلان

ایران اور فرانس میں ۸ ارب ڈالر کی مالیت کے معاہدے طے پا گئے

تہران ۔۔۔ رائٹر ۔ فرانس کے صدر جسکارد نے اعلان کیا ہے کہ فرانس طے شدہ شرائط کے تحت پاکستان کو ری پراسیسنگ پلانٹ ضرور فروخت کرے گا ۔ انہوں نے یہ اعلان ایران کے چار روزہ سرکاری دورے کے اختتام پر آج تہران میں ایک پریس کانفرنس میں کیا ۔ پریس کانفرنس میں انہوں نے فرانس اور ایران کے درمیان طے پا جانے والے اہم سمجھوتے کی تفصیلات بھی بتائیں ۔ ...

آرسی ڈی کو ایران، ترکی اور پاکستان تک محدود رہنا چاہیئے

مطلوبہ مقاصد حاصل کیے بغیر ہنگامی حالت ختم نہیں کی جا سکتی

افغانستان اور بھارت کے ساتھ ہمارے جھگڑے ابھی ختم نہیں ہوئے

پارلیمانی طرز حکومت یا صدارتی نظام کے بارے میں حتمی فیصلہ عوام کریں گے۔ افغان جرنل سے انٹرویو

اسلام آباد ۔۔۔ (اپ پ) [illegible]



مولانا مفتی محمد شفیع کی وفات عالم اسلام اور پاکستان کے لیے عظیم نقصان ہے۔ مولانا ابوالاعلیٰ مودودی

لاہور ۔۔۔ [illegible]

[illegible] مولانا مفتی محمد شفیع کے انتقال پر اظہار افسوس کیا ہے۔

پاکستان کا شمار سب سے زیادہ قالین برآمد کرنے والے ممالک میں ہوتا ہے

کراچی ۔۔۔ (اپ پ) پاکستان دنیا میں سب سے زیادہ قالین برآمد کرنے والے ممالک کی صف میں شامل ہو گیا ہے اور توقع ہے کہ رواں مالی سال کے دوران پاکستان کی قالینوں کی برآمد ایک ارب [illegible] تک پہنچ جائے گی۔ [illegible]

برطانیہ نے آئرلینڈ میں بے پناہ تشدد کیا

لندن ۔۔۔ (اپ پ) انسانی حقوق کے یورپی کمیشن نے الزام لگایا ہے کہ [illegible]

[illegible]

ایک اور سوال کے جواب میں [illegible] ایران اور ترکی میں ترقی اور اقتصادی تعاون [illegible]

پاکستان کرکٹ ٹیم کے نئے کپتان

مشتاق محمد

کسی ٹیم کی ہار جیت میں کپتان بھی اہم کردار ادا کرتا ہے

نثار الحق

۱۸ سال کی عمر میں دو سنچریاں بنانے والا واحد پاکستانی کھلاڑی





مشہور آل راؤنڈر مشتاق محمد نیوزی لینڈ کے خلاف پاکستان ٹیم کی قیادت کریں گے [illegible] اور ویسٹ انڈیز کے دورے کے لیے بھی انہیں کپتان بنایا جائے گا۔

[illegible]

نوزائیدہ تاتاری بچے کا نام وزیراعظم پاکستان کے نام پر رکھا گیا

اسلام آباد ۔۔۔ (اپ پ) سوویت جمہوریہ تاتار کے ایک شہری مسٹر عابد [illegible] نے اپنے نوزائیدہ بچے کا نام پاکستان کے وزیراعظم سے اظہار عقیدت کے طور پر ذوالفقار علی رکھ دیا ہے۔ ماسکو میں پاکستانی سفارت خانے کے نام ایک خط میں مسٹر عابد نے لکھا ہے [illegible]

تامل وطن کو سمگل کرنے کے الزام میں بھارتی باشندے کو ۱۸ سال قید کی سزا

لندن ۔۔۔ (اپ پ) تامل وطن کو سمگل کرنے والے جعلسازی گروہ کے سرغنہ مینار سنگھ صدر کو اولڈ بیلی کی عدالت نے چھ سال قید کی سزا سنائی ہے۔ مینار سنگھ [illegible] کو چھپا کر لانے کے لیے خفیہ جگہیں تیار کی تھیں۔ اس نے گزشتہ برس ۹ جولائی اور ۲۲ دسمبر کے درمیان تامل وطن کو غیر قانونی طور پر برطانیہ لانے کا اعتراف بھی کیا ہے۔ اس کے ایک اور ساتھی سرجیت سنگھ [illegible] کو جس نے کاروں کے خفیہ نشستیں تیار کی تھیں ۱۸ ماہ قید کی سزا دی گئی ہے [illegible] گروہ کے ایک ہمارے [illegible] کی سزا دی گئی ہے۔

[illegible] کراچی کے [illegible] آسٹریلوی ماہرین پاکستان آئیں گے

کراچی ۔۔۔ (اپ پ) آسٹریلیا کے ماہرین کی [illegible]

اسرائیلیوں نے بیت الخلیل میں زیر تعمیر مسجد شہید کر دی

یہودیوں کو بسانے کیلئے الخلیل میں عمارات تعمیر کی جا رہی ہیں

جلد ہی یہاں ۔ ۔ ۔ یہودی آبادکاروں کی ۔ ۔ ۔

سلال بند کا مسئلہ

بند کا ڈیزائن سندھ طاس معاہدے کے مطابق نہیں

اختلافات دور کرنے کے لئے نئی دہلی میں ۱۴ اکتوبر کو پاک بھارت مذاکرات ہوں گے

اسلام آباد ۔ ۔ ۔ (اپ پ) پاکستان کا خیال ہے کہ سلال بند منصوبے کا ڈیزائن جسے بھارت دریائے چناب پر تعمیر کرنا چاہتا ہے ۱۹۶۰ء کے سندھ طاس معاہدے کے مطابق نہیں ہے۔ پاکستان اپنے اعتراضات متعدد بار ۔ ۔ ۔ میں رہا ہے اور ۔ ۔ ۔ یہ مسائل ناکام ہونے کے بعد پاکستان نے سندھ طاس معاہدے کی مختلف دفعات کا حوالہ دیتے ہوئے تجویز پیش کی ہے کہ ایک غیر جانبدار فنی ماہر کو تعینات کیا جائے جو دونوں ملکوں کے اختلافات کے بارے میں اپنا فیصلہ دے۔ غیر جانبدار فنی ماہر مقرر کرنے سے پہلے بھارت نے درخواست کی ہے کہ اختلافات دور کرنے کے لئے سیاسی سطح پر ایک اور کوشش کی جائے چنانچہ سیکرٹری خارجہ مسٹر آغا شاہی کی قیادت میں پاکستان کا وفد ۱۴ اکتوبر کو نئی دہلی جا رہا ہے ۔ ۔ ۔

جس میں بھارت اور پاکستان کے نمائندے شامل ہیں۔ چونکہ کمیشن ابھی تک کسی باہمی فیصلے پر نہیں پہنچ سکا اس لئے دونوں ملکوں کی حکومتیں خارجہ سیکرٹریوں کی سطح پر بات چیت کے لئے آمادہ ہو گئی ہیں۔ پاکستانی وفد میں آغا شاہی کے علاوہ قدرتی وسائل اور بجلی کی وزارت کے ایڈیشنل سیکرٹری مسٹر حیات ۔ ۔ ۔ پاکستانی ۔ ۔ ۔ مسٹر حبیب الرحمان اور دیگر فنی ماہرین شامل ہوں گے جبکہ بھارتی وفد کی قیادت وزارت خارجہ کے سیکرٹری ۔ ۔ ۔ کریں گے ۔ ۔ ۔

واٹر ۔ ۔ ۔ اور وزارت زراعت، بجلی، آبپاشی اور امور ۔ ۔ ۔ کے حکام شامل ہوں گے۔ وزارت خارجہ کے نائب وزیر مسٹر ۔ ۔ ۔ نے اگست میں پارلیمنٹ کو بتایا تھا کہ بھارت کی حکومت اس منصوبے کے سلسلے میں تمام اختلافات خلصانہ طور پر دور کرنے کی کوشش کر رہی ہے۔

۔ ۔ ۔ ایجنسی سماچار کے حوالے سے بتایا ہے کہ پاکستانی وفد مسٹر آغا شاہی کی قیادت میں سلال ہائیڈرو الیکٹرک منصوبے پر بات چیت کے لئے بھارت آ رہا ہے۔ یہ منصوبہ جموں میں دریائے چناب پر مکمل کیا جائے گا۔ خارجہ سیکرٹریز کا اجلاس ۱۴ اکتوبر سے ۔ ۔ ۔ اکتوبر تک جاری رہے گا۔ ۱۹۶۰ء سے یہ منصوبہ سندھ طاس کمیشن کے زیر غور ہے۔

سب سے زیادہ بیرونی قرضے حاصل کرنیوالے ملکوں میں پاکستان چھٹے نمبر پر ہے

بھارت ۱۲ ارب روپے سے زائد کے قرضوں میں جکڑا ہوا ہے

واشنگٹن ۔ ۔ ۔ عالمی بینک کی سالانہ رپورٹ ۔ ۔ ۔ ترقی پذیر ملکوں میں بھارت غیر ملکی قرضوں میں سب سے زیادہ جکڑا ہوا ہے جبکہ پاکستان چھٹے نمبر پر ہے ۔ ۔ ۔

غیر ملکی قرضے ایک نظر میں

کروڑ ڈالروں میں

۳۱ دسمبر ۱۹۷۴ء تک

مقروض ممالک کا نام	تقسیم شدہ قرضہ	مجموعی قرضہ
بھارت	۹۴۱	۱۲۳۰٫۶۵
برازیل	۹۳۰٫۷۹	۱۱۹۵٫۴۴
میکسیکو	۸۰۱٫۳۸	۹۶۱٫۹۲
انڈونیشیا	۵۹۱٫۰۴	۸۹۹٫۶
ایران	۵۱۳٫۳۸	۹۹۰٫۴۴
پاکستان	۶۴۳٫۴۵	۹۲۳٫۵

روپے کا مقروض ہے اس رقم میں سے ۔ ۔ ۔ ارب روپے ۔ ۔ ۔ وصول کر چکا ہے۔ اس کے مقابلے میں پاکستان ۔ ۔ ۔ کروڑ ڈالر ۔ ۔ ۔ کا مقروض ہے ۔ ۔ ۔ برازیل جو قرض دار ملکوں میں دوسرے نمبر پر ہے ۔ ۔ ۔ تیسرے نمبر پر میکسیکو ۔ ۔ ۔ انڈونیشیا ۔ ۔ ۔ ایران ۔ ۔ ۔ کا مقروض ہے ۔ ۔ ۔ رپورٹ کے مطابق ۱۹۷۴ء میں پاکستان اپنی برآمدات ۔ ۔ ۔ کا ۔ ۔ ۔ فیصد حصہ قرضوں کے سود کی ادائیگی پر خرچ کر رہا تھا ۔ ۔ ۔ پاکستان اپنی برآمدات کا ۔ ۔ ۔ فیصد سود کے طور پر ادا کر رہا تھا۔

ولی خاں اور دیگر ۵۵ افراد کے خلاف ترمیمی الزامات کی فہرست پیش کر دی گئی

وکیل صفائی کی طرف سے ایکٹ میں حالیہ ترمیم پر اعتراض

حیدرآباد ۔ ۔ ۔ (اپ پ) کالعدم نیشنل عوامی پارٹی کے سربراہ مسٹر ولی خاں اور دیگر ۵۵ افراد کے خلاف سازش کیس کی سماعت آج خصوصی عدالت میں ۔ ۔ ۔ جب سماعت شروع ہوئی تو استغاثہ نے ترمیمی الزامات کی فہرست عدالت میں پیش کی ۔ ۔ ۔

ایڈووکیٹ ۔ ۔ ۔ اور مسٹر ۔ ۔ ۔ خصوصی عدالت ۔ ۔ ۔ پشاور ہائیکورٹ کے مسٹر جسٹس ۔ ۔ ۔ پر مشتمل ہے ۔ ۔ ۔

بیرون ملک جانے سے قبل روزگار کی پختہ یقین دہانی حاصل کریں

دوسرے ممالک اپنے قوانین پر عمل درآمد کے بارے میں کسی قسم کا لحاظ نہیں کرتے: وزارت محنت

اسلام آباد ۔ ۔ ۔ (اپ پ) روزگار کی تلاش میں دوسرے ملکوں کو جانے والے پاکستانیوں کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ غیر ملکی سفر اختیار کرنے سے قبل اس بات کا یقین کر لیں کہ انہیں متعلقہ ملک میں پہنچتے ہی ملازمت یا روزگار مل جائے گا اور یہ بھی انتظام کر لیں کہ وہ غیر ملک میں جتنا عرصہ بے روزگار رہیں گے آیا اس عرصے میں بھی ان کی کفالت کا مناسب انتظام موجود ہے کہ نہیں۔ آج یہاں وفاقی وزارت محنت کی طرف سے ایک پریس نوٹ جاری کیا گیا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ ماضی میں ایسی مثالیں سامنے آئی ہیں کہ جو پاکستانی اپنے دوستوں اور رشتے داروں کے ذریعے مختلف ذرائع سے حاصل کردہ ملازمت یا روزگار کے اجازت نامے لے کر اور ویزے لے کر دوسرے ملک میں جاتے ہیں انہیں وہاں پہنچ کر روزگار نہیں ملتا اور بیروزگاری کے باعث یہ لوگ سماج دشمن عناصر کے آلہ کار بن جاتے ہیں اور اخلاق سے گری ہوئی حرکتیں کرتے ہیں جن میں دھوکہ دہی اور خرد برد شامل ہیں۔ متعلقہ ممالک کے حکام ان حرکتوں پر کڑی نظر رکھتے ہیں اور جرم سرزد ہونے کی صورت میں سخت کارروائی کرتے ہیں ایسے حالات میں ان ممالک میں موجود پاکستانی سفارت خانے بھی ان پاکستانیوں کی کوئی مدد نہیں کر سکتے نہ ہی وہ ملک پاکستان کا کسی قسم کا لحاظ کرتے ہیں اس لیے تمام پاکستانیوں پر واضح کیا جاتا ہے کہ وہ حصول روزگار کے لئے غیر ملک جانے سے قبل پوری احتیاط کریں۔

پریس نوٹ میں ایک اور بد قاعدگی کی طرف بھی اشارہ کیا گیا ہے وہ یہ ہے کہ بعض پاکستانی کسی غیر ملکی ادارہ سے معاہدہ کر کے چلے جاتے ہیں لیکن اس ملک میں پہنچ کر کچھ عرصہ بعد اس معاہدے کی پابندی نہیں کرتے۔ غیر ملکی ادارے اس بد عنوانی اور غلط طریقے پر سخت احتجاج اور کارروائی کرتے ہیں۔ سلطنت اومان میں تو یہ ضابطہ ہے کہ جو شخص ایک خاص مدت کے لئے کام کرنے کا معاہدہ کر کے وہاں پہنچتا ہے، وہ وہاں پوری مدت تک کام کرے اور کام مکمل ہونے کے بعد واپس پاکستان چلا جائے اور واپس جانے کے بعد وہ اومان آنے کے لئے نیا ویزا حاصل کرے۔ پاکستانی تارکین وطن کو ہدایت کی گئی ہے کہ جو ادارے انہیں ویزا دے کر بلائیں وہ متعلقہ معاہدے کو پورا کریں ورنہ ان کے خلاف قانونی کارروائی ہو سکتی ہے۔ علاوہ ازیں ان پاکستانیوں کو یہ ہدایت بھی کی جاتی ہے کہ وہ جب حصول روزگار کے لئے کسی ملک میں جائیں تو وہاں کے قوانین پر عمل کریں، معاہدے پر پابندی سے عمل کریں اور انہیں کوئی شکایت بھی ہو تو اسے دور کرنے کے لئے قانونی اور پرامن ذرائع اختیار کریں۔ یہ بات واضح ہو جانی چاہئے کہ جو پاکستانی غیر قانونی حرکتیں کریں گے اس ملک میں موجود پاکستانی مشن ان کی کوئی مدد نہیں کر سکیں گے۔

ہر سال ۲۰ ہزار ہنر مند اور غیر ہنر مند مزدور تیار کئے جائیں گے

کراچی ۔ ۔ ۔ (ا پ پ) وفاقی وزیر محنت مسٹر ۔ ۔ ۔ نے ایک بیان میں بتایا ہر سال ۲۰ ہزار افراد کو تربیت دی جائے گی تاکہ ہنر مند اور غیر ہنر مند مزدور تیار کئے جا سکیں جن سے ضرورت کو پورا کرنے کے علاوہ بیرونی ملکوں کی ضرورت کو بھی پورا کیا جائے گا۔ اس مقصد کے لئے ملک کے مختلف حصوں میں تربیتی مرکز کھولے جائیں گے۔

پندرہ روزہ
کریسنٹ
شورو سٹوکینیڈا

أَلَآ إِنَّ أَوْلِيَآءَ ٱللَّهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ
سن رکھو کہ جو خدا کے دوست ہیں ان کو نہ کچھ خوف ہوگا اور نہ وہ غمناک ہوں گے

لبنان میں شام کا تازہ حملہ

لبنان میں مسلمانوں اور فلسطینی مجاہدین پر انتہا پسند عیسائیوں اور شامی فوجوں کے دو طرفہ بھرپور حملے کے بعد اس بدنصیب ملک میں خون آشام جنگ اپنے تاریک ترین مرحلے میں داخل ہو گئی ہے اور چند ماہ پیشتر شام کی فوجی مداخلت کے بعد فلسطینی تحریک کو جو خطرہ پیدا ہو گیا تھا وہ اب سنگین تر ہو گیا ہے۔ تل الزعتر میں فلسطینی اپنے اہم ترین دفاعی مرکز سے محروم ہونے کے بعد وسطی لبنان کے پہاڑی علاقوں میں پناہ لینے پر مجبور ہو گئے تھے۔ لبنان کے نئے صدر الیاس سارکیس مخالف گروہوں کے ساتھ امن و آشتی کے لیے مذاکرات میں مصروف تھے اور مصر کے صدر سادات نے قیام امن کی غرض سے بھی تازہ کوششوں کا آغاز کیا تھا ان کے بارآور ہونے کی بھی موہوم سی امید پیدا ہو گئی تھی۔ لیکن اب ایک جانب سے شام نے اور دوسری طرف انتہا پسند عیسائیوں نے پہاڑی علاقوں میں فلسطینیوں اور مسلمانوں پر بھرپور حملہ کر دیا ہے۔ اس حملہ میں ٹینک، میزائیل، راکٹ وغیرہ استعمال کیے جا رہے ہیں اور کچھ اطلاعات کے مطابق فلسطینی اور مسلم فوجوں کے لیے دفاع مشکل تر ہو گیا ہے۔

شام نے یہ تازہ حملہ دمشق کے ایک ہوٹل پر چھاپہ ماروں کے حملہ کے تین ۳۰ گھنٹے بعد کیا ہے۔ شام نے اس سانحہ کے لیے یاسر عرفات کی "الفتح" کو مورد الزام گردانتے ہوئے اسے نقصان پہنچانے والے ہاتھ کاٹ دینے کی دھمکی دی تھی۔ یاسر عرفات نے دمشق کے ہوٹل کے سانحہ سے بے تعلقی کا اعلان کرنے میں کوئی تاخیر نہیں کی تھی اور یہ خدشہ ظاہر کیا تھا کہ شام اس سانحہ کو فلسطینیوں پر کسی تازہ حملے کا بہانہ بنائے گا۔ ان کا خدشہ درست ثابت ہوا ہے اور اب شام کے تازہ حملے سے نہ صرف لبنان میں مذاکرات امن کو نقصان پہنچا ہے۔ بلکہ فلسطینی تحریک کا مستقبل بھی معرض خطر میں پڑ گیا ہے اور مصر کے صدر سادات کو کہنا پڑا ہے کہ شامی فوج کے تازہ حملہ پر فلسطینی تحریک ختم کرنے کی سازش کا شبہ ظاہر کرنے کا موقع مل گیا ہے۔

فلسطینی مجاہدین کے لیے اردن کے بعد شام میں خاتمہ کے بعد صرف لبنان ہی ایک ایسی جگہ رہ گئی تھی جہاں انہیں اسرائیل کے خلاف کارروائیاں کرنے کی آزادی تھی۔ اکتوبر ۱۹۷۳ء کی جنگ میں عربوں نے جس اتحاد و یکجہتی کا مظاہرہ کیا تھا (افسوس یہ مظاہرہ عارضی ثابت ہوا) اور فلسطینی تحریک کو جو تقویت نصیب ہوئی تھی۔ نیز یاسر عرفات اور فلسطینی تنظیم آزادی کو اقوام متحدہ میں اہل فلسطین کے حقوق، آزادی کی علامت کی جو حیثیت حاصل ہوئی تھی جناب یاسر عرفات امن یا جنگ کا نعرہ بلند کرتے ہوئے جس طرح اقوام متحدہ میں پہنچے تھے وہ ایک جواب تھا اگر فلسطینیوں کی ٹھیٹھ مسئلے کی جدوجہد کی منزل ___ آزاد فلسطینی مملکت کی تشکیل ___ نمایاں کرنے کا موجب بنی تھی تو دوسری جانب اسلام دشمن عناصر اور اسرائیل نواز طاقتوں کی سازشی سرگرمیاں بھی تیز تر ہو گئی تھیں۔ امریکہ کے یہودی وزیر خارجہ ہنری کسنجر کی مشرق وسطی میں شٹل

ملک "الخلیل" کے قیام میں پہلے معرکہ درپیش ہوا، یہ جنگ اور بے تعلق کیا گیا پھر شام پر شدید الزام لگائے گئے اور نتیجہ یہ ہے کہ دو ڈھائی سال پیشتر آزاد فلسطینی مملکت کے قیام کے جس منصوبہ کا بڑے زور شور سے ذکر ہو رہا تھا آج اس کا نام و نشان تک نظر نہیں آتا بلکہ الٹا فلسطینیوں کو اپنی جان کے لالے پڑے ہوئے ہیں اور ان کی تحریک کا مستقبل خود اپنوں کے ہاتھوں مخدوش ہوتا نظر آ رہا ہے۔

تنظیم آزادی فلسطین کے سربراہ جناب یاسر عرفات نے لبنان کی تازہ صورت حال پر تمام عرب ملکوں سے مداخلت کی اپیل کی ہے۔ مصر کے صدر سادات نے بھی تازہ شامی حملے کی شدید مذمت کی ہے۔ جیسا کہ انہوں نے عندیہ ظاہر کیا ہے ممکن ہے وہ یاسر عرفات کی اپیل پر ایک سچے ہوئے لبنان میں کسی قسم کی مداخلت کے بارے میں بھی سنجیدگی سے غور کریں لیکن ان کی یہ مداخلت سیاسی سطح پر ہی ہو گی۔ عرب ملکوں کی امن فوج لبنان میں متحارب فریقوں کو ایک دوسرے سے الگ رکھنے میں پہلے ہی ناکام ثابت ہو رہی ہے۔ وہ جلتے ہوئے لبنان کا بے بسی کے ساتھ نظارہ کرنے کے سوا اور کچھ نہیں کر سکی۔ عربوں کا باہمی خلفشار و نفاق ماضی میں بھی ان کے لیے باعث زیاں ثابت ہوتا رہا ہے (اگرچہ وقتی اتحاد کے مظاہرے ہونے سے کبھی کبھی ان کی تقویت کا سبب بھی بنے) اور اب اس نے فلسطینی تحریک کو بھی تباہی کے دہانے پر لا کھڑا کیا ہے۔ شام کے تازہ حملے پر لبنان کے متعصب عیسائی تو کھلم کھلا خوشی کے شادیانے بجا رہے ہیں لیکن اس پر سب سے زیادہ مسرت اسرائیل ہی محسوس کر رہا ہے کہ اس نے جارحیت کا کوئی تازہ الزام اپنے سر لیے بغیر فلسطینیوں کو ختم کرنے کا مقصد حاصل کر لیا ہے۔ یہ امر باعث حیرت ہے کہ عرب ایک کھلی حقیقت کا اعتراف کرنے اور نوشتۂ دیوار پڑھنے سے کیوں عاری ہو گئے ہیں اور اپنے ہاتھوں آپ اپنی قبر کھود رہے ہیں۔

حدیث نبوی ﷺ

پیغمبروں میں ایک کو دوسرے سے بہتر نہ کہو (پیغمبری میں سب برابر ہیں)۔ خدا نے اپنے نزدیک ان کے کچھ درجے رکھے ہیں تو تم اپنی رائے سے انہیں چھوٹا بڑا نہ کرو۔

●

[illegible] جس نے قوم میں تفرقہ ڈالا وہ ہم میں سے نہیں (ایسا) شخص دائرۂ اسلام سے خارج ہے۔

●

[illegible] (کر) دیکھی دل [illegible] کے کہ [illegible] دور ہو جائیں گے

کوئی واقفیت ہے؟

یوں تو بہت سے سوال ایسے ہیں جن سے روز بہت واسطہ پڑتا ہے لیکن جیسے وہ دست بہ بلاے دور ہو گئے نظر آتے ہیں لیکن ایک سوال تو ایسا ہے جو ہر قدم پر ساتھ لگا ہوا ہے اور کبھی پیچھا ہی نہیں چھوڑتا ــ

میں جانتا ہوں کیا کہوں گے جواب میں۔ وہی صورت حال ہوتی ہے۔ سوال جو پوچھا جاتا ہے وہ یہ ہے کوئی واقفیت ہے؟ اور جواب دیا جاتا ہے وہ نہیں ہوتا ہے۔ یہ نہیں سوال و جواب اس لیے ضروری ہوتے ہیں کہ جس شخص کی جتنی واقفیت ہے، وہ اسے اپنے لیے سنبھال کر رکھنا چاہتا ہے تاکہ جینے کے طریقے اسے دوسروں کے سامنے دست سوال دراز کرنا پڑے۔

سلسلے میں ایک کانفرنس کا بلاوا آیا کہ لڑکی کا رشتہ طے کرنے کے لیے ہم لوگ پیش ہوئے تھے۔ آج تک وہ دن ہو گئے ہیں مگر وہ کام نہیں ہوا تو کوئی واقفیت ہو کہ لڑکے سے کہا جائے اور ان کے گھر والی فون کال کر دے۔ وہ ایک ایسی صورت حال پیدا ہوتی ہے کہ ہیں کوئی واقفیت ہے؟ ہم نے کہا کہ کوئی حل جیسے کہیں کوئی نہیں جو صورت حال جاننے کے لیے راز داری سے پوچھا کیا بات ہے؟ کہنے لگے صورت کیسی ہے آپ کی؟

یہ واقفیت تلاش کرنے کا مرحلہ بجلی یا پانی کا کنکشن لینے، بجلی یا پانی کا بل جمع کرنے والے دن آنے والوں سے اپنی حق حلال کی تنخواہ وصول کرنے، بچوں کا داخلہ اور سرٹیفکیٹ کا ذخیرہ جمع کرنے کی کوشش کرنے اور اسی طرح کے بعد اس سے کھلنے تک کے دوران پیش آتا ہے۔ چنانچہ ہم سب صبح اپنے گھروں سے نکلتے ہیں اور ایک دوسرے سے پوچھتے پھرتے ہیں کہ کوئی واقفیت ہے؟ اور ہم ایک دوسرے کو نفی میں جواب دیتے ہیں کیونکہ ہر ایک کو اپنی واقفیت سنبھال کر رکھنا پڑتی ہے تاکہ جینے کے آخر میں اسے دوسروں کے سامنے دست سوال دراز نہ کرنا پڑے۔

ہمیں تو اب اس صورت حال سے کچھ خوف سا آنے لگا ہے، ہمیں خدشہ ہے کہ کل کلاں کوئی دوست ہمارے پاس آئے اور پوچھے کہ میاں صاحب میں کسی گورکن سے واقفیت ہے؟ ہم اگر پوچھیں وہ کس لیے؟ تو وہ جواب دے کہ مردہ دفن کرانا ہے۔


ہمیں یقین ہے کہ اس صورت حال میں ہم یہ نہیں کہہ سکیں گے، جواب دیں گے کیونکہ اس صورت حال میں ہر ایک کو اپنا مردہ دفن کرانا ہو گا ہر ایک کو اپنی واقفیت سنبھال کر رکھنا ہو گی۔

کسی واقفیت والے ڈھونڈنے کی ضرورت ایک تو ان صورتوں میں پیش آتی ہے جب اپنے کسی عزیز کو کسی

روزن دیوار

[illegible]

تعلیمی ادارے میں داخلہ درکار ہو، تعلیم سے فراغت کے بعد نوکری کی ضرورت ہو، نوکری ملنے کے بعد فون وغیرہ لگانا ہو یا تبادلہ رکوانا ہو یا ٹرانسفر کرانا ہو، چھٹی لینا ہو یا مسجد کی شکایت کرنا ہو۔ غرضیکہ ایسے بہت سے مختلف معاملات ہیں جن میں واقفیت ڈھونڈنا پڑتی ہے لیکن کچھ مختلف معاملات ان کے علاوہ بھی ہیں اور یہاں بھی واقفیت کے بغیر کام نہیں چلتا۔ چنانچہ گزشتہ دنوں ہمارے ایک دوست ملنے تشریف لائے، وہ خاصے گھبرائے ہوئے تھے۔ کہنے لگے کہ ضلع کچہری میں کوئی واقفیت ہے؟ ہم نے کہا نہیں۔ مگر بات کیا ہے؟ بولے مزید کی مشکل کے




یہ قائد اعظم کا سال ہے
اتحاد، ایمان، نظم و ضبط
قائد اعظم نے فرمایا

تعمیر و ترقی کے لامحدود امکانات

تحریک پاکستان کے زمانے میں مسلمانوں کی آزادی و خود مختاری کے مخالف طاقتوں نے یہ احساس دلانے پر بڑا زور دیا تھا، اور ان کے ہم نوا ماہرین معاشیات نے تو اس گمراہ کن پروپیگنڈے کو وظیفۂ حیات بنا لیا تھا کہ پاکستان معاشی طور پر خود کفیل نہیں ہوگا اور مسلمان کبھی یہ نئی مملکت چلانا نہیں سکیں گے۔ اسی طرح کے معاندانہ پروپیگنڈے سے گمراہ ہو کر پنڈت نہرو نے یہاں تک کہہ دیا تھا کہ پاکستان زیادہ سے زیادہ چھ ماہ کا کھیل ہے، اور جلد ہی پاکستان کے رہنما گھٹنوں کے بل جھک کر بھارت سے یہ درخواست کریں گے کہ انہیں دوبارہ بھارت میں شامل کر لیا جائے۔ قیام پاکستان کے بعد قائد اعظم نے اس پروپیگنڈے کا اس طرح جواب دیا:

•• ترقی کے لیے باشعور قوم کی ضرورت ہے اگر قوم ترقی سرتوڑ محنت جیسی کی قدر کا گمان نہیں۔ ان کا انحصار انسانی کوشش و محنت پر ہوتا ہے، اور مجھے پختہ بھروسہ ہے کہ پاکستانی قوم ایسی محنت اور ارادے کی مالک قوم ہے جو شاندار روایات کی بدولت تاریخ میں ممتاز رہی ہے۔ (۲۶ ستمبر ۱۹۴۸ء)

•• جب ہم نے سب سے پہلے پاکستان کی آزاد اور خود مختار مملکت کا مطالبہ کیا تھا، تو کئی ایسے جھوٹے پیغمبر پیدا ہو گئے تھے، جنہوں نے یہ کہہ کر کہ پاکستان معاشی طور پر زندہ نہیں رہ سکتا، ہمیں اپنے مطالبہ سے ہٹانے کی کوشش کی تھی۔ انہوں نے ہماری مملکت اور اس کے مالی، معاشی، انتظام کے بارے میں انتہائی تاریک اور مایوس کن خیالات کا اظہار کیا۔ آپ کے پیش کردہ پہلے بجٹ نے ان جھوٹے پیغمبروں کو سخت صدمہ پہنچایا ہو گا۔ اس بجٹ نے پاکستان کے مالیات کا مستحکم ہونا بھی ظاہر کر دیا ہے اور حکومت کا یہ عزم صمیم بھی کہ مالیات کو زیادہ سے زیادہ مستحکم بنایا جائے گا۔ (یکم اپریل ۱۹۴۸ء)



رہبرت
سہیل عبدالرشید

اقبال کا مرد منتظر

اقبال کو ایک مرد مومن کا انتظار تھا، جو آئے اور مسلمانوں کے حالات بدل دے۔ اپنی ابتدائی تصنیف "اسرار خودی" میں لکھتے ہیں (ترجمہ):

"اے زمانے کے گھوڑے کے سوار آ۔ اے امکانات کی آنکھ کی روشنی آ۔ آ اور قانون اخوت جاری کر ہمیں پھر محبت کی شراب کا جام پلا۔ نوع انسان کھیتی ہے اور تو اس کا حاصل ہے۔ تو کاروان حیات کی منزل ہے۔ ہمارے درختوں کے پتے جور خزاں سے جھڑ چکے ہیں۔ بہار کی مانند ہمارے باغ سے گزر کر (اور انہیں سرسبز و شاداب کر دے)"

گویا اقبال کا مرد مجاہد اپنے عہد کا غلام نہیں ہو گا، بلکہ اس پر سوار ہو گا۔ اپنی مرضی سے اس کا رخ موڑے گا۔ اور اپنی مرضی کے مطابق اسے چلائے گا ہی نہیں بلکہ اس کے ذریعہ ملت اسلامیہ کے لئے آگے بڑھنے کے نئے نئے امکانات پیدا ہوں گے۔ "ضرب کلیم" میں لکھتے ہیں:

کہتا ہے زمانے سے یہ درویش جواں مرد
جاتا ہے جدھر بندۂ حق تو بھی ادھر جا

اپنی آخری تصنیف "ارمغان حجاز" میں "تجھے کیا معلوم ہو سکتا ہے اس گرد میں کوئی سوار ہو" کے عنوان کے تحت مندرجہ ذیل اشعار لکھے ہیں:

"میں اس گرد راہ کی طرح پریشان ہوں، جسے ہوا اڑائے پھرتی ہے۔ میری خوش بختی ہو گی اگر اس غبار سے کوئی شہسوار نکل آئے۔ ایسی پریشان روزگار قوم خوش بخت ہے، جس کے ضمیر سے کوئی مرد پختہ کار نکل آئے۔ اس کا ظہور ہی اسرار غیب کا ایک سر ہے۔ ہر گرد سے سوار نمودار نہیں ہوتا۔

"میں اپنے سمندر میں موج کی طرح تڑپا ہوں، اس قدر تڑپا ہوں کہ میں نے طوفان برپا کر دیا ہے۔ میں نے اپنے خون سے اس آنے والے شہسوار کی تصویر بنا دی ہے۔ کوئی اور نقش مجھے اس سے بہتر نظر نہیں آیا۔

"اس کی نگاہ سے خالی جام پُر ہو جاتے ہیں۔ وہ آنند کی خانقاہ میں مستی پیدا کر دیتا ہے۔ وہ ایسا طوفان جاری ہے، جس سے نہریں، سمندروں کی حریف ہو جاتی ہیں۔ جب وہ قافلہ کی حدی خوانی کرتا ہے، تو ہر ایک کو جرأت و صلاحیت کا احساس کرا دیتا ہے۔ میرا دل کہتا ہے کہ ایسا مرد موجود ہے جو قافلہ ملت کے لئے نیا سامان مہیا کرے گا۔"



اِک مفلسِ خوددار یہ کہتا تھا خدا سے
مَیں کر نہیں سکتا گلۂ دردِ فقیری!
لیکن یہ بتا تیری اجازت سے فرشتے
کرتے ہیں عطا مردِ فرومایہ کو میری؟!
(بالِ جبریل)

کریسنٹ
پندرہ روزہ
۱۵ ار اکتوبر ۱۹۷۶ء مطابق ۲۰ ر شوال ۱۳۹۶ھ — جلد نمبر ۵ ـ شمارہ ۱۵

حنیف رامے کو ساڑھے چار سال قید اور پچاس ہزار روپے جرمانہ کی سزا

عدم ادائیگی جرمانہ کی صورت میں مزید چھ ماہ قید بھگتنا ہوگی

حنیف رامے نے طبقاتی منافرت پھیلانے کی کوشش کی ہے ـ خصوصی ٹریبونل کا فیصلہ

لاہور ـــــ وقائع نگار، پنجاب خصوصی ٹریبونل نے پاکستان مسلم لیگ کے چیف آرگنائزر اور پنجاب کے سابق وزیر اعلیٰ مسٹر محمد حنیف رامے کو ساڑھے چار سال قید اور پچاس ہزار روپیہ جرمانہ کی سزا سنائی ہے۔ عدم ادائیگی جرمانہ کی صورت میں انہیں مزید چھ ماہ قید بھگتنا ہوگی۔ ...

بقیہ صفحہ ۱۲ کالم ۳

عربوں اور فلسطینیوں کے بنیادی حقوق کو تسلیم کئے بغیر مشرق وسطیٰ کا پائیدار حل ممکن نہیں

شعودی عرب کے ساتھ مزید گہرے تعلقات کے فروغ کی کوششیں

میں بہت جلد افغانستان کا دورہ کروں گا۔

عالم اسلام میں پاکستان کو بلند مقام حاصل ہوگا ـ سعودی خبر رساں ایجنسی کو انٹرویو

راولپنڈی ـــــ اے پی پی، وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو نے کہا ہے کہ پاکستان سعودی عرب سے مزید دو طرفہ گہرے تعلقات اور ... قائم رکھنے کی کوشش جاری رکھے گا ... انہوں نے یہ بات سعودی خبر رساں ایجنسی کے نامہ نگار ... سے ایک انٹرویو کے دوران کہی۔ ...



افغانستان سے اپنے تعلقات معمول پر لانے کا ذکر کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ میں اپنے مذاکرات جاری رکھنے کے لئے کابل کا دورہ کرنے والا ہوں۔ اس سے قبل صدر داؤد نے پاکستان اور کابل میں دو ملاقاتیں کر چکا ہوں۔ میری اگلی ملاقات کی تاریخ ابھی مقرر نہیں ہوئی لیکن مستقبل قریب میں دونوں ملکوں کی صورت ... اسی مخلصانہ جذبے کے تحت اپنے مذاکرات جاری رکھ سکیں گے ...

برطانیہ نے کوہ نور ہیرا واپس کرنے سے انکار کر دیا



لندن ـــــ اے پی پی، اے ایف پی برطانیہ نے مشہور کوہ نور ہیرا پاکستان کو واپس کرنے سے معذوری ظاہر کی ہے۔ اس تاریخی ہیرے کی واپسی کا مطالبہ وزیر اعظم پاکستان مسٹر ذوالفقار علی بھٹو نے اس ماہ کے اوائل میں کیا تھا۔ باخبر ذرائع کے مطابق برطانوی وزیر اعظم مسٹر جیمز کالیہان نے اپنے اس فیصلے سے اسلام آباد میں اپنے سفارت خانے کے ذریعے حکومت پاکستان کو آگاہ کر دیا ہے اور کہا ہے کہ وہ ملکہ الزبتھ سے ہیرا واپس کرنے کی سفارش کرنے سے قاصر ہیں۔


مسلم لیگ غیر قانونی اور غیر آئینی اقدامات کی کبھی حمایت نہیں کرے گی

انتقامی کارروائیوں سے بے نیاز ہو کر کارکن خود کو منظم کریں: پیر صاحب پگاڑو

کراچی ـــــ (پ ر) پاکستان مسلم لیگ کے صدر پیر صاحب پگاڑو نے کہا ہے کہ ... اپنی قیام گاہ پر کراچی ڈویژن مسلم لیگ کے عہدیداران و اراکین ... اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے پیر پگاڑو نے کہا ... انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ جمہوری طرز فکر کے ساتھ قانون کی بالادستی پر یقین رکھتی ہے اور وہ کسی بھی قسم کے غیر قانونی اور غیر آئینی اقدامات کی حمایت نہیں کر سکتی خواہ وہ کسی بھی جانب سے کیے جائیں۔ انہوں نے اپنی جماعت کے کارکنوں کو تلقین کی کہ وہ قانون کے دائرے میں رہتے ہوئے اپنی پارٹی کی تنظیم کریں ...

بھارتی روپے کی قیمت میں اضافہ

نئی دہلی ـــــ اے پی پی / اے ایف پی بھارت نے پونڈ سٹرلنگ کے مقابلے میں بھارتی روپے کی قیمت میں ۲ اعشاریہ ۷ فیصد کا اضافہ کر دیا ہے یہ اس ماہ کے دوران دوسرا اور ۱۰ سمبر ۱۹۷۶ کے بعد آٹھواں اضافہ ہے۔



ٹورانٹو میں نماز عید الفطر کا اجتماع ـ مزید تصویریں صفحہ ۲ اور ۳ پر ملاحظہ کیجئے۔